## سندھ سمیت ملک بھر میں سیلاب زدگان کی زیادہ سے زیادہ امداد کیلئے ایم کیوایم کے تحت سیاسی و مذہبی تقریبات منسوخ کر دی گئیں

## تقریبات سے بچنے والی تمام رقوم سیلاب زدگان کے فنڈ میں جمع کرائی جائیں گی،الطاف حسین

کراچی۔۔۔17،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ سمیت ملک بھر میں مزید سیلابی ریلوں کے باعث بڑے پیمانے پر تباہ کاریوں پر سیلاب زدگان سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ایم کیوایم کے تحت ماہِ رمضان المبارک میں افطار ڈیز کی تمام تقریبات فوری طور پر منسوخ کر دی ہیں اوران تمام تقریبات پرخرچ ہونے والی رقم سیلاب زدگان کے ریلیف فنڈ میں جمع کروانے کااعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے پیر کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پاکستان اورلندن میں موجودرابطہ کمیٹی کے تمام ارکان بھی موجود تھے۔انہوں نے سندھ سمیت ملک بھر میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور جانی و مالی نقصانات پر گہرے رنج وغم کا اظہار بھی کیااوررابطہ کمیٹی کے ارکان کو ہدایت دیں کہ وہ سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں کومزید تیز کریں اوراس سلسلے میں تمامتر وسائل کو بروئے کارلایا جائے اور متاثرین کی ہرممکن مدد کی جائے۔

## گلگت بلتستان میں فی الفور فضائی امداد پہنچائی جائے،الطاف حسین

## زمینی راستہ کئی روز سے منقطع ہے،اشیائے خوردونوش اور ایندھن کی قلت پیدا ہوگئی ہے

## ملک کے دیگر حصوں میں یعنی صوبہ سندھ،صوبہ بلوچستان،صوبہ خیبر پختونخوا اورآزادکشمیر میں حکومتی امدادی کارروائیوں کومزید تیز کیا جائے

لندن۔۔۔17،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث گلگت بلتستان کے زمینی راستے منقطع ہونے اوراشیائے خوردونوش اورایندھن کی قلت پر گہری تشویش کااظہار کیا ہے اورحکومت سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان میں فی الفور فضائی امداد پہنچائی جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث گلگت بلتستان کا زمینی راستہ کئی روز سے بند ہے اورزمینی راستے کے ذریعے متاثرین کوکسی قسم کی امدادنہیں پہچائی جاسکتی جس کے باعث عوام میں شدید بے چینی پائی جارہی ہےاورانہیں مشکلات اورمسائل کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی سنگین صورتحال میں متاثرین گلگت بلتستان کیلئے تمام وسائل استعمال کرکے انہیں امداد پہچانا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔انہوں نے گلگت بلتستان کے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مصیبت اوردکھ کی اس گھڑی میں متاثرین کے ساتھ ہے۔

جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اورگلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ سید مہدی علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان کا زمینی راستہ منقطع ہونے کے باعث اشیائے خوردونوش اورایندھن کی قلت کاسختی سے نوٹس لیا جائے اورگلگت بلتستان میں فی الفور فضائی امداد پہنچائی جائے اوراسی طرح ملک کے دیگر حصوں میں یعنی صوبہ سندھ،صوبہ بلوچستان،صوبہ خیبر پختونخوا اورآزادکشمیر میں حکومتی امدادی کارروائیوں کومزید تیز کیا جائے اورخاص طور پر جووبائی امراض کا خدشہ بڑھتا چلا جارہا ہےاس پرفوری اقدامات اٹھائے جائیں۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کراچی سے ایک ٹرک امدادی سامان سکھراورکشمور روانہ،سکھر میں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اورصوبائی وزراء نے

## کندھ کوٹ،غوث پور،سکھر،آزادکشمیر میرپوراورکراچی میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان،کھانا تقسیم کیااور بھاری مالیت کی ادویات فراہم کیں

کراچی۔۔۔17/اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرمتحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سیلاب زدگان کیلئے ملک بھر میں امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں مخیّر حضرات کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی سامان ،غذائی اجناس جمع کروائی جارہی ہیں ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب زدگان کی امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی کے ارکان ،منتخب حق پرست نمائندوں اورایم کیوایم کے کارکنان پرمشتمل ریلیف ٹیمیں متاثرہ علاقوں کادورہ کررہی ہیں۔تفصیلات کے مطابق ایم کیویم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،حق پرست صوبائی وزیراوقاف عبدالحسیب اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدرراہونے

کندھ کوٹ، غوث پور اور سکھر میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان اور کھانا تقسیم کیا۔ بعدازاں انہوں نے کشمور میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم کئے گئے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور متاثرین سیلاب کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی بھی موجود تھے۔ امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر طاہر کھوکھر نے میرپور میں قائم ریلیف کیمپ کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین کی ایک بڑی تعداد میں کھانا تقسیم کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم میرپور زون کے زونل انچارج محمد عاصم جنجوعہ، ڈسٹرکٹ انچارج افتخار کھوکھر، جوائنٹ انچارج راجہ عبدالحمید اور اراکین بھی موجود تھے۔ سکھر میں سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے بنائے گئے بیس کیمپ سے روزانہ سینکڑوں متاثرین میں کھانا اور امدادی سامان تقسیم کیا جارہا ہے جن سے جیکب آباد، شکارپور اور اس سے ملحقہ علاقوں کے سیلاب متاثرین مستفید ہورہے ہیں، ایم کیو ایم سکھر زون کے تحت بندوں کو محفوظ کرنے اور رستے ہوئے پانی کو روکنے، لوگوں کو پانی سے نکالنے اور محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی خدمات انجام دی جارہی ہیں اسی طرح سکھر میں ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عنایت سومرو، ایم کیو ایم سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین اور متحدہ سوشل فورم کے رکن منور چوہان نے مختلف ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین سے ملاقاتیں کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اس موقع پر انہوں نے متاثرین سیلاب میں کھانا بھی تقسیم کیا۔ رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر طاہر کھوکھر نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت میں ہمیشہ عملی کردار ادا کرتا آیا ہے یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملک بھر کے عوام اور مخیّر حضرات امدادی سرگرمیوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کررہے ہیں جس کے سبب خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک بھر میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان، طبی سہولیات اور کھانا فراہم کررہا ہے اور اب تک کروڑوں روپے مالیت کا امدادی سامان اور ادویات متاثرین کو فراہم کی جاچکی ہیں۔ اس موقع پر متاثرین سیلاب نے امدادی سامان، ادویات اور کھانے کی فراہمی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔ علاوہ ازیں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایک ٹرک امدادی سامان سکھر بیس کیمپ روانہ کردیا گیا امدادی سامان میں غذائی اجناس، ملبوسات، ادویات اور دیگر امدادی سامان شامل ہیں جو سکھر بیس سے متاثرین میں تقسیم کردیا جائے گا۔

## مولانا مرزا یوسف حسین کے صاحبزادے مرزا خادم حسین کے سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## مرزا خادم حسین شہید فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں تھے اور اس حوالے سے ایم کیو ایم کیلئے فعال کردار ادا کیا کرتے تھے

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے مولانا مرزا یوسف حسین کے صاحبزادے مرزا خادم حسین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مرزا خادم حسین شہید فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں تھے اور اس حوالے سے ایم کیو ایم کیلئے فعال کردار ادا کیا کرتے تھے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مرزا خادم حسین کا بہیمانہ قتل کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرزا خادم حسین شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مولانا مرزا یوسف حسین کے صاحبزادے مرزا خادم حسین کی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم کے حق پرست عوامی نمائندوں، رابطہ کمیٹی کے ارکان، ذمہ داران اور کارکنان نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ریلیف فنڈ میں سندھ سمیت ملک میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے کروڑوں روپے مالیت کے نقدعطیات، غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں جمع کروائے

کراچی۔۔۔17، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پر مخیرّ حضرات کے ساتھ ساتھ ایم کیوایم کے حق پرست عوامی نمائندوں، رابطہ کمیٹی کے ارکان، ذمہ داران اور کارکنان نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ریلیف فنڈ میں سندھ سمیت ملک میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے کروڑوں روپے مالیت کے نقدعطیات، غذائی اجناس اور دیگرامدادی سامان جمع کروایا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی نے پیر کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی اور ریلیف فنڈ میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایک کروڑ روپے مالیت کی نقدوغذائی امدادجمع کروائی، عبدالرؤف صدیقی کی جانب سے جمع کروائی گئی مالی امداد میں دس لاکھ روپے نقدجبکہ چالیس لاکھ روپے مالیت کے چیکس اور پچاس لاکھ روپے مالیت کی غذائی اجناس آٹا، چاول، دالیں اور خشک دودھ کے علاوہ بڑی مقدار میں ملبوسات اور جان بچانے والی ادویات شامل ہیں، اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابقہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بیس ہزارروپے کے نقدعطیات جمع کروائے۔جبکہ حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے بھی غذائی اجناس سے لدھاٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کروایا۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، شاہدلطیف اور سیف یارخان نے اپنی نگرانی میں کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بھاری مالیت کی غذائی اجناس اور دیگرامدادی سامان لیکرٹرک کے ذریعے سکھراور کشمور روانہ کیا، اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی سرگرمیوں مصروف کارکنان کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیاں ایک مرتبہ پھر نمایاں دکھائی دے رہی ہیں ایم کیوایم عملی طور پر ملک وقوم کو فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے دفاتر کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کرنے کا زبردست خیر مقدم

کراچی۔۔۔17، اگست 2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملک بھر میں سیلاب زدگان کی منظّم، مربوط اور بھرپور طریقے سے امداد کیلئے ایم کیوایم کے زون، سیکٹر اور یونٹ دفاتر کو عارضی ریلیف کیمپوں میں تبدیل کرنے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ سیلاب زددگان کیلئے ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کراچی میں اپنے ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے ارسال کئے گئے پیغامات میں کیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں علمائے کرام، ڈاکٹرز، انجینئرز، تاجر، صنعتکار، طالبعلم، صحافی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد شامل ہے۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ملک بھر میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیاں اس بات کا ثبوت ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور اپنے ذمہ داران وکارکنان کو بھی یہی درس دیتے چلے آئے ہیں کہ وہ انسانیت کی بلاتفریق اور عملی خدمات کو اپنا شعار بنائیں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے کی سرگرمیوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور کارکنان دن رات مصروف عمل ہیں اس سے ایک مرتبہ پھر واضح ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم دراصل فلاحی تنظیم ہے اور ملک وقوم کو بھی عملی طور پر فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملک بھر میں سیلاب زدگان کیلئے جس طرح سے ایم کیوایم کے دفاتر کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کیا گیا ہے اور یہاں متاثرین کیلئے امدادی سامان اور عطیات جمع کئے جارہے ہیں وہ دکھی انسانیت کی خدمت کی اعلیٰ مثال ہے جسے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سے قبل بھی ایم کیوایم نے آزاد کشمیر اور خیر پختونخوا، ایران کے شہر بام میں زلزلہ متاثرین اور ملک میں قحط اور خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں جو عملی خدمات انجام دی ہیں وہ نظرانداز نہیں کی جاسکتی اور ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیاں سیاسی میدان میں ایک مرتبہ پھر نمایاں دکھائی دے رہی ہیں۔اپنے پیغامات میں انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## سندھ اور بلوچستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی و بربادی کے ذمہ دار بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے ہیں جنہوں نے اپنی اپنی زمینیں اور جاگیریں بچانے کیلئے سیلاب کا رخ غریبوں کی آبادیوں کی جانب موڑ دیا۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔17،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ سندھ اور بلوچستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی و بربادی کے ذمہ دار بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے ہیں جنہوں نے اپنی اپنی زمینیں اور جاگیریں بچانے کیلئے سیلاب کا رخ غریبوں کی آبادیوں کی جانب موڑ دیا۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیلاب ایک قدرتی آفت ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان میں ایسا تباہ کن سیلاب اس سے پہلے نہیں آیا لیکن سندھ اور بلوچستان میں سیلاب کی وجہ سے بڑے پیمانے پر جو تباہی آئی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ سندھ اور بلوچستان کے بیشتر بڑے بڑے جاگیرداروں اور وڈیروں نے دریائے سندھ کے دونوں کناروں پر واقع اپنی اپنی زمینیں اور جاگیریں سیلاب سے بچانے کیلئے سیلابی ریلے کا رخ غریبوں کی آبادیوں کی جانب موڑ دیا جس کے باعث پورے کے پورے گاؤں سیلابی ریلے میں بہہ گئے،متعدد افراد جاں بحق ہوئے ،لاکھوں خاندان اپنے گھر سے بے گھر ہوگئے اور کھلے آسمان تلے بھوک ،پیاس اور کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ امر افسوسناک ہے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں بھی جاگیردار اور وڈیرے مصیبت زدہ خاندانوں کی مدد کرنے کے بجائے غریب ہاریوں کی آبادیوں کو تباہ کر کے انہیں انکے علاقوں سے بیدخل کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اگر یہ جاگیردار اور وڈیرے اپنی زمینیں بچانے کیلئے غریب آبادیوں کی جانب پانی نہ چھوڑتے اور مصیبت زدہ خاندانوں کی عملی مدد کرتے تو یہ مصیبت زدہ خاندان آج اس کسمپرسی کی حالت میں نہ ہوتے اور سندھ اور بلوچستان اس تباہی کا شکار نہ ہوتے۔رابطہ کمیٹی نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ اپنی زمینیں بچانے کیلئے سیلابی پانی کا رخ آبادیوں کی جانب موڑنے کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور ایسا کرنے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کے کارروائی کی جائے۔

## جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم جمعیت کے غنڈہ عناصر کی جانب سے ڈی جے کالج میں اساتذہ کرام اور کالج انتظامیہ سے زیادتیوں کا فوری نوٹس لیا جائے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔17اگست،2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے ڈی جے سائنس گورنمنٹ کالج میں نام نہاد اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ اکرام و کالج انتظامیہ کے ساتھ ناروا سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جمعیت کی غنڈہ گردیوں کا فوری نوٹس لے کر اساتذہ و کالج انتظامیہ کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ایک بیان میں مرکزی کابینہ نے کہا ہے کہ اس قبل بھی گزشتہ سال نام نہاد مذہبی جماعت کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈوں نے کالج میں اساتذہ اور کالج انتظامیہ کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا تھا جو کے ریکارڈ پر موجود ہے،انہوں نے کہا کہ اب جبکہ کراچی بھر کے تعلیمی اداروں میں نئے تعلیمی سیشن کا آغاز ہورہا ہے تو یہ غنڈہ عناصر اپنی سابقہ منفی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے شہر بھر کے مختلف تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور طلباء پر تشدد کرنے جیسی مذموم کاروائیوں کے ذریعے نئے آنے والے طلباء پر اپنی دھاک بٹھانے کی ناکام کوشش کررہے ہے اور اس ادارے کو نو گو ادارہ بنانا چاہتے ہیں۔مرکزی کابینہ نے کہا کہ گزشتہ دنوں بھی دہشت گرد تنظیم کے غنڈوں نے کراچی کی دو جامعات این ای ڈی اور جامعہ کراچی میں تعلیمی ماحول سبوتاژ کرنے کی کوشش کی تھی۔جس سے روکنے کیلئے کورینجرز کے جوانوں نے موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پانے کیلئے اقدامات کئے جو کہ لائق تحسین ہے ۔انہوں نے کہا کہ اب ڈی جے سائنس کالج واقعہ بھی یہ ثابت کررہا ہے کہ جمعیت کے دہشت گردوں کی جانب ے شہر کا تعلیمی ماحول خراب کرنے کی سازش کا آغاز ہوگیا۔مرکزی کابینہ نے سندھ بھر کے اساتذہ اور بالخصوص ڈی جے سائنس کالج کی انتظامیہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ خود کو تنہا نہ سمجھیں اے پی ایم ایس او فروغ علم کیلئے کوشاں ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایات کے مطابق ہمیشہ نہ صرف اساتذہ کرام کا احترام کیا ہے بلکہ اساتذہ کے ساتھ ہونے والے ایسے افسوس ناک واقعات کی سخت مذمت بھی کی ہے۔علاوہ ازیں مرکزی کابینہ نے جمعیت کے غنڈہ عناصر کو متنبہ کیا ہے کہ وہ فوری اس طرح کی شرمناک حرکات سے باز آجائیں بصورت دیگر اے پی ایم ایس او اساتذہ کے ہمراہ انکے خلاف سراپا احتجاج ہوگی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے یونٹ کمیٹی ممبر عاطف شمیم کے والد شمیم احمد عقیل،لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن ظہیر کے بڑے بھائی محمد ضمیر،ٹھٹھہ زون یونٹ گھارو کے کمیٹی ممبر لیاقت جوکھیو کے چچا محمد رمضان جوکھیو،لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن انور رجب کے چھوٹے بھائی ابرار احمد اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن محمد پرویز کے والد ولی محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے

دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سیلاب زدگان کو مفت طبی علاج ومعالجے کی امداد فراہم کرنے کیلئے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت کیمپ قائم

کراچی۔۔۔17، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم میڈیکل کمیٹی کے تحت سیلاب زدگان کو علاج معالجے کی امداد فراہم کرنے کیلئے سکھر کے اضلاع کندھ کوٹ اور کشمور میں ایک سے زائد متعدد امدادی میڈیکل کیمپ قائم کر دیئے گئے ۔ان کیمپوں میں سیلاب سے متاثرہ افراد، بزرگ، مرد، خواتین اور بچوں میں سیلاب کے باعث پیدا ہونے والے مختلف بیماریوں میں مبتلا مریضوں کو علاج ومعالجے کیلئے مفت طبی ادویات جیسی سہولیات فراہم کی گئیں۔ بعدازاں سیلاب سے متاثرہ افراد نے میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ذمہ داران اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں کیلئے کی جانیوالی مفت طبی امدادی سرگرمیوں کو سراہاتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% فیصد موجودہ بنیادی تنخواہوں کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ملازمین پر بھی کیا جائے، حق پرست اراکین سینیٹ

کراچی۔۔۔17، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے بجٹ 2010ء میں حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% موجودہ بنیادی تنخواہوں میں اضافے کے اعلان کے باوجود پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ملازمین کو محروم رکھنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے ملازمین کی تنخواہوں میں فی الفور اضافہ کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کی انتظامیہ ملازمین کو ابتدائی بنیادی تنخواہ 2008ء پر 50% فیصد تنخواہوں میں اضافے کا غور کررہی ہے جو کہ اس مہنگائی کے دور میں پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کے محنت کشوں کے ساتھ سراسر ظلم وناانصافی کے مترادف ہے اور حکومت پاکستان کے اعلامیئے کی بھی صریحاً خلاف ورزی ہے جس سے ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% فیصد موجودہ بنیادی تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمونی کیشن کے ملازمین پر یقینی بنایا جائے اور رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ادارے کے محنت کشوں کو ہر سال کی طرح اس سال بھی بونس کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔

## سیلاب کے ہماری معیشت پر اثرات آنے والے کئی سالوں تک محسوس ہونگے۔طاہر کھوکھر

راولپنڈی۔۔۔17، اگست 2010ء

حق پرست وزیر حکومت آزاد کشمیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ سیلاب کی حالیہ تباہ کاریاں اس قدر زیادہ ہیں کہ اس کے ہماری معیشت پر اثرات آنے والے کئی سالوں تک محسوس ہوں گے۔ قوم کو موجودہ بحران سے نکالنے کیلئے تمام سیاستدانوں کو مل جل کر کام کرنا ہوگا۔ وہ منگل کو ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی کیمپ مری روڈ شمس آباد کے دورہ کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر راولپنڈی زون کے انچارج زاہد محمود ملک کے علاوہ جوائنٹ انچارج کیپٹن (ر) رحیم شاہ سیکرٹری اطلاعات گل اخلاق حسین، رکن زونل کمیٹی فہیم الحق پنجاب سوشل فورم راولپنڈی زون میجر قمر الزمان کیانی، جوائنٹ انچارج راجہ شاہد، اور این اے 56 سیکٹر انچارج حبیب الرحمٰن بھی موجود تھے۔ آزاد کشمیر کے وزیر طاہر کھوکھر نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے سیلاب زدگان کی دل کھول کر مدد کرنے کی اپیل کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ہمیں بحیثیت ایک قوم سوچنا اور عمل کرنا ہوگا۔ یہ اختلافات کا نہیں بلکہ اختلافات بھلا کر اپنے مشکل میں پھنسے بھائیوں اور بہنوں کیلئے مدد کرنے کا ہے۔ راولپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک نے آزاد کشمیر کے وزیر طاہر کھوکھر کو ایم کیو ایم کی ریلیف کیلئے کوششوں کے بارے میں بریفنگ دی۔

☆☆☆☆☆